RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگانِ اعلیٰحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۸ ؍ جمادی الثانی سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۲۶ ؍ جون سنہ ۱۹۱۱ء	جلد ۲۳

فہرست مضامین

آرمی آرڈر پیشگاہ اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۵ ؍ جون سنہ ۱۹۱۱ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر دربارۂ تبادلہ مرزا طالب علی بیگ حوالدار سکنڈ بٹالین اسٹیٹ انفنٹری کمپنی نمبر ۳ در مقبرہ بمشاہرہ تیرہ روپیہ ماہوار جو اسوقت فوج سے ملتا ہے بخدمت نگرانی طلبا

و تنخواہ و طعام طلبائے مقبرہ۔

حکم صادرہ ۴ جون سنہ ۱۹۱۱ع

کے موافق مرزا طالب علی بیگ ولد جعفر علی بیگ مندرجہ بالا کا تبادلہ فوج سے ذات خاص مین منظور کیا جاتا ہی حسب صراحت مندرجہ رپورٹ مقبرہ مین اُنسے خدمت لیجائے اور تیرہ روپیہ ماہوار جو اسوقت فوج سے تنخواہ پاتے ہین آیندہ مقبرہ سے پایا کرین ۶ جون سنہ ۱۹۱۱ع سے ثبالین مین نسبت تنخواہ دیجانے کے عملدرآمد ہو۔

ملخص آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۵ جون سنہ ۱۹۱۱ع

حسب سفارش کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج رخصت یکماہ ویٹرنیری اسسٹنٹ جمعدار محمد حمید خان امپریل سروس لانسرز ۲۷ مئی سنہ ۱۹۱۱ع سے ۲۶ جون تک بضرورت جانے پونہ منظور فرمائی گئی۔

آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۷ جون سنہ ۱۹۱۱ع

مشتبہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر دربارہ تبادلہ خدمات و تنخواہ مرزا عابد علی بیگ جمعدار تھوڈ بٹالین اسسٹنٹ انفنٹری علی خول از یکم جون سنہ ۱۹۱۱ع بصیغہ ذاتی خاص و ماموری بخدمت و نگرانی و اتالیقی صاحبزادہ صاحبان عالی علاوہ ملی تنخواہ ذیوڑیات سے جو صیغہ فوج سے بعہدہ جمعداری

ملتے تھے۔

حکم صادرہ ۴ جون سنہ ۱۹۱۱ع

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر احکام ضابطہ جاری ہون۔ جمعدار عابد علی بیگ ولد جعفر علی بیگ کمپنی نمبر ۲ ثبالین مذکور مشاہرہ دار بائیس روپیہ کا تبادلہ فوج سے ذات خاص مین کیا جائے واحد علی بیگ پسر عابد علی بیگ کو کرنیل صاحب بہادر معائنہ کرلین کہ قابل خدمت فوج ہے یا نہین۔ نسبت دیجانے تنخواہ جمعداری تبدیل شدہ ۶ جون سنہ ۱۹۱۱ع سے ثبالین مین عملدرآمد ہو۔

روبکار محکمہ عالیہ دار الانشا باجلاس اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم واقع ۸ جون سنہ ۱۹۱۱ع

دار الانشا سے معلوم ہوا کہ جو کاغذات بغرض تعمیل صیغہ جات ماتحت کو بھیجے جاتے ہین اُنکے جوابات باوصف یاددہانی بہت دیر مین موصول ہوتے ہین۔ اکثر ضروری امور جوابات کے انتظار مین ملتوی مین رہجاتے ہین اس جانب افسران صیغہ کی توجہ لازمی ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

آیندہ جسقدر کاغذات تعمیل ہوکر پندرہ یوم کے اندر ہر محکمہ سے آنا چاہئین اگر کوئی وجہ توقف کی ہو تو دار الانشا کو اطلاع دیجائے۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی سکرٹری صاحبان کے پاس مرسل ہو تاکہ اپنے اپنے ماتحت صیغہ جات کو اطلاع دیدین

حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

ایک ایک نقل حکم اجلاس بالا بنام جمیع افسران صیغہ ماتحت کے بھیجی

بنابر تعمیل مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ باتباع حکم اجلاس ہمایوں حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم پابندی کے ساتھ تعمیل کیجاے۔

[illegible]

۱۳ جون ۱۹۱۱ء

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
رخصت

۱۷ جون ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست رخصت یکماہ منشی تفضل حسین مدرس پٹواریان بوجہ علالت بعوض مظہر حسین پسر نابردہ منظور کیگئی۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر
واقع ۱۱ جون ۱۹۱۱ء

بابت طلبی قیدیان و حوالاتیان جیل خلاف وقت بعدالت جناب صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر سے آج مشورہ کیا گیا۔ باتفاق راے یہ قرار پایا کہ جیل سے حوالاتیان یا قیدیان طلبیدہ عدالت روزانہ چالان کے ساتھ آیا کریں جو عدالت کو آتی ہے۔ اور سپاہیان جیل اُسکو لاتے ہیں۔ جملہ عدالتہا کو اطلاع دیجاے کہ بجز اُن اہم اور خاص صورتوں کے جو شاذ و نادر پیش آینگی کسی قیدی یا حوالاتی کو بلا اطلاع قبل بعد از روانگی چالان نہ طلب کیا جایا کرے اور ان خاص صورتوں میں جیل کے سپاہی حوالاتیان وغیرہ کو بدستور لایا کرینگے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا درج گزٹ کیا جاے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

[illegible]

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
رخصت

۱۹ جون ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب جج بہادر رخصت پندرہ[۱۵] یوم منشی نور احمد منصرم جی ۲۰ جون ۱۹۱۱ء سے ۱۱ جولائی تک بوجہ شادی دختر خود منظور کی گئی۔ اور درخواست توسیع رخصت کی ممانعت۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرایوٹ سکرٹری بہادر
رخصت

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ کارخانہ جات رخصت یکماہ دس[۱۰] یوم محمود حسن انگلش کلرک سپرنٹنڈنٹی ذات خاص ۲۰ جون سنہ حال سے بوجہ روانگی آگرہ منظور کی گئی۔

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری مئی سنہ ۱۹۱۱ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																		کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض							میزان از خانہ ۱۹ لغایت ۲۵	
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	دیگر درندہ جانوروں کے کاٹنے سے	طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۴	۶	۱۳	۲	۴۵	۳۷	۸	۴۴	۲۵	۶	۴	۲۰	۳۰	۵۲	۵۹	۸۶	۲۵	۰	۲۴	۰	۸۴	۰	۰	۳	۱۱۱	
کنج	۲۰	۴	۳	۱	۲۸	۲۳	۵	۱۸	۱۷	۴	۲	۲۲	۲۴	۴۴	۴۳	۷۹	۸	۰	۲۵	۰	۵۸	۰	۰	۴	۸۷	
حوالی شہر	۲	۳	۱	۰	۷	۴	۳	۳	۰	۱	۱	۴	۵	۸	۶	۲	۱۲	۰	۰	۰	۹	۰	۰	۵	۱۴	
عظیم نگر	۳۹	۱۳	۲۳	۱۲	۷۷	۵۲	۲۵	۱۴	۱۲	۱	۳	۱۵	۱۸	۳۰	۳۷	۳۲	۳۵	۰	۰	۰	۹۳	۰	۰	۴	۶۷	
شاہ آباد	۶	۲۷	۹	۸	۵۰	۱۵	۳۵	۶	۱۴	۷	۷	۳۳	۴۱	۴۶	۶۲	۴۰	۶۸	۰	۰	۵۹	۰	۱	۱	۴۷	۱۰۸	
پٹوائی	۳	۹	۳	۷	۲۲	۶	۱۶	۸	۳	۰	۲	۱۸	۹	۲۶	۱۴	۱۳	۲۷	۰	۰	۰	۳۹	۱	۰	۰	۴۰	
ملک	۸	۶۲	۴	۳۷	۱۱۱	۱۲	۹۹	۳۱	۱۵	۱۰	۶	۴۶	۵۱	۸۷	۷۲	۲۳	۱۳۶	۰	۱۳	۰	۱۲۰	۱	۰	۲۵	۱۵۹	
بلاسپور	۱۴	۸	۷	۱۳	۴۲	۲۱	۲۱	۱۹	۱۸	۴	۵	۴۲	۳۸	۴۴	۶۱	۶۵	۶۰	۰	۱۲	۰	۷۷	۳	۰	۲۳	۱۲۵	
کیمری	۷	۴	۸	۳	۲۲	۱۵	۷	۷	۶	۳	۱۱	۳۴	۴۳	۴۴	۴۰	۷۸	۲۶	۰	۰	۱۵	۰	۰	۰	۸۹	۱۰۴	
سوار	۴۱	۳۷	۴۲	۲۸	۱۴۸	۸۳	۶۵	۲۸	۸	۶	۶	۳۶	۸۱	۶۴	۹۴	۵۱	۱	۱	۳۹	۱۰۰	۲۲	[illegible]	۰	۴	۱۴۵	
ٹانڈہ	۲۶	۲۵	۱۸	۲۹	۹۸	۴۴	۵۴	۱۵	۱۷	۴	۷	۲۵	۲۵	۴۴	۴۹	۵۳	۴۰	۱	۱۰	۰	۸۱	۱	۰	۰	۹۳	
میزان	۱۸۱	۱۹۸	۱۳۱	۱۴۰	۶۵۰	۳۱۲	۳۳۸	۱۶۴	۱۵۳	۴۸	۵۴	۳۱۴	۳۲۰	۵۲۶	۵۲۷	۵۶۵	۴۸۸	۳	۸۵	۱۱۳	۶۳۱	۷	۱	۲۱۴	۱۰۵۲	

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور سن ابتدائے ۱۸ جون لغایت ۲۴ جون سنہ ۱۹۱۱ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۸ جون سنہ ۱۹۱۱ء روز یکشنبہ	•	۲۲/۵	•	۴	•	•	۹	۱۰	۳	۱۰	•	۲۴
۱۹ جون سنہ ۱۹۱۱ء روز دوشنبہ	•	۲۲/۵	•	•	•	•	•	۱۰	-	۱۰	•	۲۴
۲۰ جون سنہ ۱۹۱۱ء روز سہ شنبہ	•	۲۲/۵	•	•	•	•	•	۱۰	•	۱۰	•	۲۴
۲۱ جون سنہ ۱۹۱۱ء روز چہارشنبہ	•	۲۲/۵	•	•	•	•	•	-	•	۱۰	•	۲۴
۲۲ جون سنہ ۱۹۱۱ء روز پنجشنبہ	-	۲۲/۵	•	•	•	•	•	•	•	۱۰	۱	۲۵
۲۳ جون سنہ ۱۹۱۱ء روز جمعہ	•	۲۲/۵	•	•	•	•	•	•	•	•	•	•
۲۴ جون سنہ ۱۹۱۱ء روز شنبہ	-	۲۲/۵	•	•	•	•	•	•	•	•	•	•

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور سن ابتدائے ۱۹ جون سنہ ۱۹۱۱ء لغایت ۲۵ جون سنہ ۱۹۱۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	•	•	•	۱۵ مار	۱۵ مار	•	دیگر تحصیلات سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا
نخود خالص	•	•	•	۲۰ مار	۲۰ مار	•	
نخود کسہ آمیز	•	•	•	۲۵ مار	۲۳ مار	•	
کسیری	•	•	•	•	۲۴ مار	•	
ماش	•	•	•	۱۴ مار	۹ مار	•	
مونگ	•	•	•	•	۱۰ مار	•	
مکا	•	•	•	۳۰ مار	۳۰ مار	•	
جئی	•	•	•	۲۵ مار	۲۸ مار	•	
گوجی	•	•	۱	•	۲۰ مار	•	
مسور	•	•	•	•	•	•	
ارہر	•	•	•	•	•	•	
برنج	•	•	•	۶ مار	۶ مار	•	
روغن زرد	•	•	•	[illegible] مار	[illegible] مار	•	
روغن سیاہ	•	•	•	[illegible] مار	[illegible] مار	•	
روغن تخم	•	•	•	[illegible] مار	۱۰ مار	•	
نمک سانبھر	•	•	•	۱۳ مار	۱۴ مار	•	
نمک لاہوری	•	•	•	•	•	•	
قند سیاہ	•	•	•	۷ مار	۶ مار	•	
بلکھیرہ	•	•	•	•	•	•	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور